سوال

(179)مانع حیض کے لیے کوئی چیز استعمال کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی عورت ایسی کوئی چیز استعمال کرلے جس سے اس کے ماہانہ ایام یا نفاس کا خون بند ہوجائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر عورت کوئی ایسی گولیاں یا ٹیکہ وغیرہ لگوالیتی ہے جس سے اس کا خون رک جائے، تو اسے چاہیئے کہ غسل کرے اور وہ سب اعمال انجام دے جو پاکیزہ عورتیں اپنے طہر کے ایام میں کرتی ہیں، اس کا نماز روزہ وغیرہ سب اعمال صحیح ہوں گے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 198

محدث فتویٰ